# مشقی سوالی پرچہ برائے جماعت دہم

## SSLC PRACTICE QUESTION PAPER-02

**Multiple Choice Questions Based Practice Question Paper**

**2020-21**

**PAPER-02**

**Subject : First Language Urdu**

Code No. : 12-U

Time : 3 Hours

Total No. of Questions : 40 + 40 + 40 = 120

Max. Marks : 40 + 40 + 40 = 120

---

ہر سوال / نامکمل بیان کے لیے چار متبادل جوابات دیئے گئے ہیں۔ صحیح جواب کا انتخاب کر کے نیلی یا سیاہ بال پائنٹ پین سے دیئے گئے OMR شیٹ میں منتخب جواب شیڈ کریں۔

40X1 = 40

1۔ ذیل میں حضور ﷺ کے اونٹنی کا نام ہے۔

A) حام　　B) قصوا

C) ناقہ　　D) بجیرہ

2۔ ڈاکٹر صغریٰ عالم کے حمد اور نعت کے مجموعے کی نشاندہی کیجیے۔

A) حیطۂ صدف　　B) بیت الحروف

C) محرابِ دعا　　D) قوسِ قزح

3۔ ع۔ تو یومِ دین کا مالک حساب تیرا ہے۔

درجِ بالا مصرعہ میں خطِ کشیدہ لفظ کے مرادی معنی ہیں۔

A) تاریخی دن　　B) وصل کا دن

C) حشر کا دن　　D) دین کا دن

4۔ ع۔ "عورت کو حیا کی چادر دی، اور غیرت کا غازہ بخشا"۔

درجِ بالا مصرعہ سے مربوط مصرعۂ ثانی کی نشاندہی کیجیے۔

A) سینوں میں عداوت جاگ اٹھی، انسان سے انساں ٹکرائے

B) اکرام و عطا کی بارش کی، اخلاق کے موتی برسائے

C) شیشوں میں نزاکت پیدا کی، کردار کے جوہر چمکائے

D) کفار بہت کچھ جھنجلائے، شیطاں نے ہزاروں بل کھائے

5۔ حضور ﷺ جب مکہ میں داخل ہوئے اور کعبہ نظر آیا تو فرمایا۔

A) ائے خدا! اس شہر کو آباد رکھنا　　B) ائے خدا! تیری رحمت نازل فرمانا

C) ائے خدا! اس گھر کو عزت اور شرف بخشنا　　D) خدا کے سوا کوئی معبود نہیں

6۔ وہ مقام جہاں حضور ﷺ نے بروز جمعرات آٹھویں ذی الحجہ کو سارے مسلمانوں کے ساتھ قیام فرمایا۔

A) ذوالحلیفہ　　B) عرفات

C) مزدلفہ　　D) منیٰ

7۔ شبلی کی وہ ادھوری تصنیف جس کو سید سلیمان نے پایۂ تکمیل تک پہنچایا۔

A) المامون
B) الفاروقؓ
C) سیرت النبی ﷺ
D) موازنہ انیس و دبیر

8۔ وہ علم جس سے شعر کے اوزان معلوم ہو، کہلاتا ہے

A) علمِ صرف
B) علمِ نحو
C) علمِ عروض
D) فصاحت و بلاغت

9۔ طاقت والوں نے کمزور کے ساتھ جو سلوک کیا تھا۔

A) انہیں پامال اور برباد کیا
B) انہیں معمور اور آباد کیا
C) انہیں غیرت کا غازہ بخشا
D) ان کے بے چین دلوں کو آرام دیا

10۔ اردو کے وہ مشہور شاعر جو کسی زمانے میں جواہر لال نہرو کے سیکریٹری تھے۔

A) جوشؔ ملیح آبادی
B) فراقؔ گورکھپوری
C) کنور سنگھ بیدیؔ
D) جگن ناتھ آزاد

11۔ وہ مشاعرہ جس میں پنڈت نہرو نے بقول جگن ناتھ آزاد "صدارت اور نظامت" کے فرائض انجام دیئے۔

A) 1958، انجمن ترقیِ اردو ہند کا کل ہند مشاعرہ
B) 1948، سری نگر کا مشاعرہ
C) لال قلعہ میں منعقد جشنِ جمہوریہ کا مشاعرہ
D) تری مورتی ہاوس پر منعقد محفلِ مشاعرہ

12۔ مرزا غالبؔ کا وہ شعر جو احمد نگر کی اسیری کے دوران پنڈت نہرو نے اپنی بیٹی اندرا کو لکھا۔

A) ؎ ہزاروں خواہشیں ایسی کہ ہر خواہش پہ دم نکلے
بہت نکلے مرے ارمان لیکن پھر بھی کم نکلے

B) ؎ قید حیات و بند غم اصل میں دونوں ایک ہیں
موت سے پہلے آدمی غم سے نجات پائے کیوں

C) ؎ ہم کو معلوم ہے جنت کی حقیقت لیکن
دل کے خوش رکھنے کو غالبؔ یہ خیال اچھا ہے

D) ؎ بسکہ دشوار ہے ہر کام کا آساں ہونا
آدمی کو بھی میسر نہیں انساں ہونا

13۔ ذیل میں "لاحقہ" کی نشاندہی کیجیے۔

A) نامانوس
B) جادو گر
C) غیر حاضر
D) پُرکشش

14۔ ذیل میں معنوی لحاظ سے غیر متعلق لفظ ہے۔

A) تعریف
B) داد
C) شوق
D) تحسین

15۔ مضمون کا وہ حصہ جس میں مضمون کا لُب لُباب پیش کیا جاتا ہے۔

A) تمہید
B) نفسِ مضمون
C) خاتمہ
D) مکتوبِ الیہ

16۔ذیل میں جملہ اسمیہ کی مثال ہے

A) بچوں نے ان کی پوٹلی کھولی

B) اماں لاٹھی کے سہارے چلتی تھیں

C) ناصر گھوم گھام کر آیا

D) اماں ملازمہ تھیں

17۔ذیل میں رباعیات پر مشتمل فراق گورکھپوری کا شعری مجموعہ ہے۔

A) روحِ کائنات B) رمز وکنایات

C) گلِ نغمہ D) روپ

18۔دوافراد کے درمیان تحریری گفتگو، اطلاعات یا معلومات کے لیے لکھے جانے والے پیغام کو کہتے ہیں۔

A) افسانہ B) انشائیہ

C) خط D) مضمون

19۔افسانہ "درشتی" میں زہرہ جمال نے جس مسئلہ کو اجاگر کیا ہے۔

A) جہیز کا مسئلہ B) غربت کا مسئلہ

C) تعلیمِ نسواں کا مسئلہ D) فرقہ پرستی کا مسئلہ

20۔وہ شخصیت جس نے کبھی انسان اور انسان میں فرق نہیں کیا۔

A) ودیا چرن جی B) مولانا رجب

C) بھرت ناران D) اندومتی

21۔ جو آنکھیں ودیا چرن جی کی پلکوں کی اوٹ سے مسکرا رہی تھیں وہ ایک ــــــــــــــ

A) اسکول پرنسپل کی آنکھیں تھیں

B) نیتا جی کے چاہنے والے کی آنکھیں تھیں

C) مولانا رجب کی آنکھیں تھیں

D) خود وِدیا چرن جی کی آنکھیں تھیں

22۔ ذیل میں شاعر سلیمان خمارؔ کی تخلیق کردہ آزاد نظم ہے۔

A) آمد بہار

B) سرحدوں کا جال

C) رشوت

D) جگنو

23۔ مسدس کے ہر بند میں مصرعوں کی تعداد ہوتی ہے۔

A) تین

B) چار

C) پانچ

D) چھ

24۔ امیر خسرو کے والد کا تعلق جس قبیلہ سے تھا۔

A) قبیلہ بنی ہُذَیل

B) قبیلہ قیات

C) قبیلہ ہزارہ

D) قبیلہ بنو ہاشم

25۔ موسیقی کے مقابلے میں امیر خسرو نے جس مشہور موسیقار کو شکست دے کر نائک کا خطاب پایا۔

A) تان سین

B) شکیل بدایونی

C) گوپال

D) سدا رنگ

**26۔امیر خسرو جن پھلوں کے دلدادہ تھے۔**

**1۔آم** **2۔سیب** **3۔خربوزہ** **4۔انار**

A) 1اور 2　　B) 2اور 4

C) 3اور 4　　D) 1اور 3

**27۔غزل کے پہلے شعر کو مطلع کہتے ہیں۔کیونکہ ——————**

A) اس کے دونوں مصرعوں میں ردیف و قافیہ کی پابندی ہوتی ہے

B) شعر کے مصرعۂ ثانی میں ردیف و قافیہ لایا جاتا ہے

C) یہ غزل کا سب سے بہترین شعر ہوتا ہے

D) اس میں شاعر اپنا تخلص استعمال کرتا ہے

**28۔مرزا غالب کو جس کلام پر ناز تھا۔**

A) اردو　　B) عربی

C) فارسی　　D) ترکی

**29۔ذیل میں علامہ اقبال کا فارسی شعری مجموعہ ہے۔**

A) بانگِ درا　　B) بالِ جبرئیل

C) ارمغانِ حجاز　　D) ضربِ کلیم

**30۔رباعی کا وہ مصرعہ جس میں ردیف و قافیہ کی پابندی نہیں ہوتی۔**

A) پہلا　　B) دوسرا

C) تیسرا　　D) چوتھا

31۔ وہ شاعر جس کو "شاعرِ مشرق" بھی کہا جاتا ہے۔

A) مرزا غالبؔ
B) علامہ اقبالؔ
C) جوشؔ ملیح آبادی
D) اصغرؔ گونڈوی

32۔ وہ جملہ جو ایک ہی مسند اور مسندِ الیہ سے بنا ہو۔ کہلاتا ہے۔

A) مفرد جملہ
B) مرکب جملہ
C) جملہ انشائیہ
D) جملہ خبریہ

33۔ "بدایوں قدامت پسند شہر ہے" جملے میں مسندِ الیہ کی نشاندہی کیجیے۔

A) بدایوں
B) قدامت پسند
C) شہر
D) ہے

34۔ چال جیسے کڑی کمان کا تیر

دل میں ایسے کے جا کرے کوئی

درجِ بالا شعر میں "مشبہ بہ" کی نشاندہی کیجیے۔

A) چال
B) تیر
C) ناز، اکڑ
D) اترا کر چلن

35۔ واحد اور جمع کے لحاظ غیر متعلق لفظ ہے۔

A) محافل
B) محافظ
C) حقائق
D) فرائض

36۔ "طنز کرنے" کے معنی میں استعمال ہونے والے محاورے کی نشاندہی کیجیے۔

A) ترکی بہ ترکی جواب دینا
B) سر پیٹنا
C) گدھا کیا جانے زعفران کی قدر
D) چوٹ کرنا

37۔ ذیل میں جملہ ملتف کی مثال ہے۔

A) یہ عمارت قدیم ہی نہیں بلکہ مضبوط بھی ہے
B) اس کی بات تو ٹھیک ہے مگر رویہ غلط ہے
C) جو زعفران آپ نے خریدہ تھا وہ کشمیری تھا
D) منی گا رہی تھی اور منا کھیل رہا تھا

38۔ اماں ملازمہ تھیں۔ جملے میں فعل ناقص کی نشاندہی کیجیے۔

A) اماں
B) مالازمہ
C) تھیں
D) ان میں کوئی نہیں

39۔ ع۔ اب ہاتھ اٹھاؤ، فاطمہؓ کے نورِ عین سے

مصرعۂ بالا میں مستعمل لفظ "نورِ عین" سے شاعر کی مراد ہے۔

**A) بیٹا**
**B) عینک**
**C) بینائی**
**D) چشم**

40۔ حضرت امام حسینؓ سے حضرت زینبؓ کی نسبت ہے۔

A) ماں
B) بہن
C) بیٹی
D) ان میں کوئی نہیں

Rough Work کچے کام کے لیے

# SSLC MODEL PRACTICE OMR SHEET

## SSLCC ANNUAL EXAMINATION 2020-21

**Important Instructions**

1. Use only blue/ Black ball point pen to shade circle for answers
2. Do not write any rough work on OMR Sheet
3. Do not fold, OMR Sheet

| Example | |
|---|---|
| Wrong method | Correct method |
| A ✓ C D<br>A B ⊗ C D<br>A ⬬ C D<br>A B ● ● | A ● C D |

## FIRST LANGUAGE

NUMBER :
U DISE/ KSEEB CODE :
SATS ID :
STUDENT NAME :
GENDER :
DISTRICT CODE/NAME :
BLOCK CODE / NAME :
CENTER CODE ADRESS :
SATS ID :
CENTER CODE, NAME & ADRESS :
CANDIDATE TYPE :
MEDIUM URDU :
DATE OF EXAMINATION NUMBER :
PHYSICAL :

PHOTO

SIGNATURE

QR CODE

QPVersion Ⓐ Ⓑ Ⓒ Ⓓ

If Absent shade "AB" ○

| Q. No | Answer | Q. No | Answer | Q. No | Answer | Q. No | Answer |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | A B C D | 11 | A B C D | 21 | A B C D | 31 | A B C D |
| 2 | A B C D | 12 | A B C D | 22 | A B C D | 32 | A B C D |
| 3 | A B C D | 13 | A B C D | 23 | A B C D | 33 | A B C D |
| 4 | A B C D | 14 | A B C D | 24 | A B C D | 34 | A B C D |
| 5 | A B C D | 15 | A B C D | 25 | A B C D | 35 | A B C D |
| 6 | A B C D | 16 | A B C D | 26 | A B C D | 36 | A B C D |
| 7 | A B C D | 17 | A B C D | 27 | A B C D | 37 | A B C D |
| 8 | A B C D | 18 | A B C D | 28 | A B C D | 38 | A B C D |
| 9 | A B C D | 19 | A B C D | 29 | A B C D | 39 | A B C D |
| 10 | A B C D | 20 | A B C D | 30 | A B C D | 40 | A B C D |

Student Signature

Room Invigilator Signature